بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 12 | بروز منگل 6 اپریل 2022ء شعبان 1443ھ | شمارہ 281 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

قومی شاہراہوں کی تعمیر و وفاق سے ملاقات کیلئے اسپیکر قدوس بزنجو کی قیادت میں 12 رکنی کمیٹی قائم

بلوچستان اسمبلی کے 24 مارچ کے اجلاس میں بی این پی کے رکن ثناء بلوچ کی جانب سے عوامی نوعیت کے حامل مسئلے پر صوبے کی قومی شاہراہوں پر ہونے والے حادثات کا مسئلہ اٹھایا گیا

کمیٹی وزیراعظم سمیت وفاق کے دیگر متعلقہ حکام سے ملاقات کرکے معاملے کو انکے نوٹس میں لائیگی اور رپورٹ اسمبلی میں جلد از جلد پیش کریگی، کمیٹی کے قیام کے حوالے سے سیکرٹری اسمبلی نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے

یوسف رضا گیلانی کیخلاف نااہلی کیس کی سماعت 27 اپریل تک ملتوی

الیکشن کمیشن نے ویڈیو میں نظر آنے والے ایم این ایز فہیم خان اور جمیل احمد کو نوٹس جاری کردیے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں یوسف رضا گیلانی کے خلاف نااہلی کیس کی سماعت 27 اپریل تک ملتوی کردی گئی۔ پیر کو الیکشن کمیشن ممبر پنجاب الطاف ابراہیم قریشی کی سربراہی میں تین رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ سینیٹر یوسف رضا گیلانی اور علی حیدر گیلانی نے الیکشن کمیشن میں

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی قومی شاہراہوں کو دو رویہ کرنے کے منصوبے کو آئندہ مالی سال کے پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کے لئے وزیراعظم عمران خان و وفاقی حکام سے ملاقات کے لئے اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں 12 رکنی پارلیمانی کمیٹی قائم کردی گئی۔ تفصیلات کے مطابق

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اگر سینٹ کا قیام پہلے لایا جاتا تو ملک دولخت نہ ہوتا، یوسف رضا گیلانی

امید ہے اپوزیشن یوسف رضا گیلانی کی قیادت مثبت اپوزیشن کریگی، شہزاد وسیم

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں قائد حزب اختلاف سینیٹر یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ اگر سینٹ کا قیام پہلے لایا جاتا تو ملک دولخت نہ ہوتا، سینیٹ کا الیکشن اتنا آسان نہیں ہوتا، میں ایم این اے کا الیکشن لڑتا رہا اس لیے معلوم نہیں سینیٹر کا انتخاب کتنا مشکل ہے، سینیٹر بننے میں پی ڈی ایم

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، چیف جسٹس آف پاکستان گلزار احمد اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال گوادر میں سیاحت کے فروغ سے متعلق ویب سائٹ کا بٹن دبا کر افتتاح کررہے ہیں

ملازمین پر تشدد اور گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں، آل پارٹیز پشین

ملازمین کی جانب سے پرامن ہڑتال کو سبوتاژ کرنے ملازمین کو بلاجواز مارنے اور گرفتار کرنے کی کوئی قانونی عذر نہیں تھی

ضلعی انتظامیہ نے غیر قانونی طور پر عوام دشمن رویہ اختیار کرکے پرامن ہڑتال کو تشدد کے واقعے میں تبدیل کردیا جو قابل مذمت ہے

پشین (روح اللہ کاکڑ) ملازمین اتحاد گرینڈ آلائنس کی کال پر صوبے کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اضافے کے مطالبے کی منظوری کیلئے گرینڈ آلائنس پشین کے رہنماؤں اور اراکین نے یارو پل کے مقام پر احتجاجاً بند کرتے ہوئے ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بلاک کردی، صبح نو بجے سے جب آلائنس میں شامل سینکڑوں سرکاری ملازمین نے

کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ کو پشین کے علاقے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے ہیں

احتساب عدالت میں نارووال سپورٹس سٹی ریفرنس پر سماعت بغیر کارروائی کے ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت میں نارووال سپورٹس سٹی ریفرنس پر سماعت بغیر کار

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

لسبیلہ میں دو مختلف واقعات میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق

اوتھل (نمائندہ امروز، شفیق چنہ) لسبیلہ میں دو مختلف واقعات میں فائرنگ سے دو افراد جاں بحق، ایدھی زرائع کے مطابق حب میں دارو ہوٹل کے قریب

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اور اس سے وابستہ تمام افراد قابل احترام ہیں، نعیم بازئی

میڈیا معاشرے کو درست سمت کی طرف گامزن کرنے اور رائے عامہ کو بدلنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ملک نعیم خان بازئی نے کوئٹہ پریس کلب کے نومنتخب صدر عبدالخالق رند، سیکرٹری بنارس خان

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملازمین کی تنخواہوں میں 25 فیصد اضافہ کا مطالبہ جائز ہے، ہم ان کے ساتھ ہیں، ثناء بلوچ

ملازمین سے مذاکرات کرنے والی کمیٹی کے پاس اختیارات نہیں ہے، ڈپٹی کمشنر پشین قائم لاشاری نے آج تنخواہ سے زیادہ کام کرکے ملازمین کو گرفتار کیا لیکن پھر بھی روڈ نہ کھلوا سکا، مقررین کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ایمپلائز اینڈ گرینڈ الائنس کے زیراہتمام صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں تاریخی ریلی نکالی گئی، ریلی عبدالستار ایدھی چوک سے شروع ہوکر مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے ایدھی چوک پر پہنچی، ہزاروں ملازمین حکومت کے

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مشرقی بائی پاس پر آتشزدگی سے تین آئل ٹینکر جل گئے

ہزاروں لیٹر تیل جل گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس پر آتشزدگی سے تین آئل ٹینکر جل گئے ہزاروں لیٹر تیل جل گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

فائر بریگیڈ ذرائع کے مطابق کوئٹہ کے مشرقی بائی پاس پر پیٹرول پمپ پر کھڑے آئل ٹینکر میں آگ

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مریم نواز کی طبیعت پھر بگڑ گئی، دوبارہ کورونا ٹیسٹ کرالیا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کی طبیعت ایک بار پھر خراب ہوگئی، انہوں نے دوبارہ کورونا ٹیسٹ کرایا ہے۔ نجی ٹی وی

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکمرانوں کو آر پار کرنے کے دعویدار خود پارہ پارہ ہوگئے، حافظ حسین احمد

لانگ مارچ، استعفے اور عمرانی حکومت گرانے کے بلند و بانگ دعوے لیڈر بھکیاں ثابت ہوچکی ہیں، رہنماء جے یو آئی پاکستان

ہر جماعت اپنے مفادات اور معاملات کو طے کرنے کی دوڑ میں لگی رہی جبکہ پی ڈی ایم کے خاتمے کا الزام ایک دوسرے پر لگایا جاتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام پاکستان کے رہنما اور سینئر سیاستدان حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ حکمرانوں کو آر پار کرنے کے دعویدار خود پارہ پارہ ہوگئے ہیں اور لانگ مارچ، استعفے اور عمرانی حکومت گرانے کے بلند و بانگ دعوے لیڈر بھکیاں ثابت ہوچکی ہیں، ہر جماعت اپنے مفادات اور معاملات کو طے کرنے کی دوڑ میں لگی رہی جبکہ پی ڈی ایم کے خاتمے کا الزام ایک دوسرے پر لگایا جاتا ہے

ڈاکٹر عدنان کے آمد کی خبر کے ساتھ ہی پی ڈی ایم کا یہ حشر تو ہونا ہی تھا پیر روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق سینیٹر حافظ حسین احمد کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

موجودہ حکومت کے دور میں مہنگائی آسمان تک پہنچ چکا ہے، ملک گامن خان مری

ہر سال اربوں روپے واپس ہوتے ہیں مگر صوبائی حکومت ملازمین کی تنخواہیں کیوں نہیں بڑھا رہی ہے

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں گرینڈ الائنس ملازمین کی مرکزی کال پر ملازمین نے ڈسٹرکٹ پریس کلب سے ریلی نکالی جو شہر کے مختلف راستوں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ میں خفیہ کیمرے لگانے کی فورنزک تحقیقات ہونگی، چیئرمین سینیٹ کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ سینیٹ الیکشن میں ایوان میں

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کراچی، پولیس اسٹیشن حملہ کیس عزیر بلوچ کو شناخت کرلیا گیا

کراچی (این این آئی) لیاری گینگ کے سرغنہ عزیر بلوچ کو 2 گواہوں نے پولیس اسٹیشن حملہ کیس میں

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملازمین کی جانب سے بلوچستان میں پولیو مہم کا بائیکاٹ

پولیو وائرس صوبے میں جنم لینے کا خدشہ

کوئٹہ (آن لائن) ملازمین کی جانب سے بلوچستان میں پولیو مہم کا بائیکاٹ، پولیو وائرس صوبے میں جنم لینے کا خدشہ، تفصیلات کے مطابق بلوچستان

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نخ تیمر گرہ 11 سال بیت گئے ہمیں اپنے شہداء پر فخر ہیں، امیر حیدر ہوتی

آج کے روز ہم اپنے ہر شہید کو سلام پیش کرتے ہیں، 5 اپریل 2010ء کو ہمارے 63 کارکنان کو شہید کیا گیا لیکن ہم نے دہشتگردوں کے سامنے سر نہیں جھکایا

اگر بروقت راستہ نہیں روکا گیا تو یہ خطہ ایک نئی جنگ کی طرف جاسکتا ہے جس کا نقصان ایک بار پھر پشتونوں کو ہی ہوگا، شہداء نے اس دھرتی اور قوم کی خاطر جانوں کی قربانیاں دیں

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر امیر حیدر خان ہوتی نے کہا ہے کہ پانچ اپریل 2010ء کو تیمر گرہ لوئر دیر میں اے این پی کی اس تقریب کو نشانہ بنایا گیا جب وہ اپنی شناخت، صوبے کے نام کا جشن منا رہے تھے، 11 سال بیت گئے تاہم ہر شہید اور انکی قربانیوں کو

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام سلیکٹڈ حکمرانوں سے مکمل بیزار ہوچکے ہیں، میر خوشید جمالدینی

ملازمین گرینڈ الائنس نے پرامن و کامیاب ہڑتال منعقد کرکے موجودہ ڈمی حکومت بلوچستان کے تمام تر دعووں کو مسترد کردیا ہے

گرینڈ ملازمین کے ہمت استقلال اور جذبہ کا خیر مقدم کرتے ہیں اور خصوصا آل ملازمین گرینڈ الائنس کے قائدین کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں

نوشکی (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے رکن میر خورشید جمالدینی نے اپنے بیان میں آل ملازمین گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کو ہڑتال پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملازمین گرینڈ الائنس نے پرامن و کامیاب ہڑتال منعقد کرکے موجودہ ڈمی حکومت بلوچستان کے تمام تر دعووں کو مسترد کیا۔ گرینڈ ملازمین کے ہمت استقلال اور جذبہ کا خیر مقدم کرتے ہیں اور خصوصا آل ملازمین گرینڈ الائنس کے قائدین کو بھرپور جدوجہد پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں موجودہ

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گوگل پر کتوں کے کاٹنے کے حوالے سے سندھ ٹاپ پر ملے گا، حلیم عادل شیخ

تین ماہ میں پانچ ہزار سے زائد کتا کاٹنے کے کیسز رجسٹرڈ ہوچکے ہیں، اپوزیشن لیڈر

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر حلیم عادل شیخ نے سندھ حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کتوں کے کاٹنے پر گوگل سرچ کریں سندھ ٹاپ پر ملے گا، پچیس لاکھ کتے گلیوں میں گھوم رہے ہیں،

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کرونا وائرس کی آڑ میں تعلیم کی بندش کیخلاف سخت مزاحمت کرینگے، جے یو آئی

جے یو آئی پاکستان کے مرکزی فیصلے کی روشنی میں جے ٹی آئی ملک بھر کی طرح کوئٹہ میں بھی بھرپور احتجاج کررہی ہے

تعلیم کا سلسلہ نہایت خوبصورت انداز میں جاری رکھ کر نونہالان قوم کو جہالت کے اندھیرے میں بھٹکنے نہیں دیا، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے زیراہتمام کارکنوں کے اعزاز میں میں ٹی پارٹی سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق ضلعی جنرل سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ جے ٹی آئی کے صوبائی صدر محمد حسن شہاب، ضلعی صدر حافظ فضل الرحمان سالانی اور ضلعی جنرل سیکریٹری حافظ محمد موسیٰ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج 7 اپریل بروز منگل کورونا کی آڑ میں ملک بھر کے تعلیمی اداروں کی بندش اور بلوچستان میں تعلیمی اداروں کی ممکنہ بندش کے خلاف جے ٹی آئی کے زیر اہتمام 2 بجے ضلعی سیکرٹریٹ اینگل روڈ سے احتجاجی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

جماعت اسلامی پی ڈی ایم کا حصہ کبھی بھی نہیں بنے گی، سراج الحق

موجودہ حکومت میں مس مینجمنٹ کی وجہ سے کرپشن میں اضافہ ہوا ہے، موجودہ حکومت ناکام ہوچکی ہے، مرکزی امیر جماعت اسلامی کی میڈیا سے گفتگو

پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن والے ہمیشہ ملک پر قابض رہے، پی ٹی آئی حکومت نے مہنگائی کا سونامی ملک میں برپا کردیا ہے، غریب عوام مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے

قاضی احمد (این این آئی) جماعت اسلامی کے مرکزی امیر سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی پی ڈی ایم کا حصہ کبھی بھی نہیں بنے گی، موجودہ حکومت ناکام ہوچکی ہے۔ قاضی احمد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ جماعت اسلامی پی ڈی ایم کا حصہ کبھی بھی نہیں بنے گی، جماعت اسلامی کا پی ڈی ایم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت نے سینیٹ الیکشن میں پی پی امیدوار کو ووٹ نہیں دیا جھوٹی باتیں پھیلائی گئیں، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن والے ہمیشہ ملک پر

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ نے پاکستان سنگل اتھارٹی کے قیام کا بل متفقہ طور پر منظور کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ نے پاکستان سنگل اتھارٹی کے قیام کا بل متفقہ طور پر منظور کرلیا۔

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ میں قائمہ، فنکشنل اور دیگر کمیٹیوں کو تحلیل یا تبدیل کرنیکا اختیار چیئرمین سینیٹ کو تفویض

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں قائمہ کمیٹیوں، فنکشنل کمیٹیوں، سینیٹ فنانس کمیٹی، ہاؤس کمیٹی، لائبریری کمیٹی اور دیگر کمیٹیوں کو تحلیل کرنے یا تبدیل

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال سینیٹ اجلاس میں اظہار کررہے ہیں

سلیکٹڈ کا مہنگائی سے غریبوں کو پامال کررہی ہے، شازیہ مری

نیازی صاحب ایک کروڑ نوجوانوں کو ملازمتیں دو، مورخ لکھے گا نیازی آئے تباہی کی اور چلے گئے

ملک کی معیشت دم توڑ چکی ہے، کاروباری حلقے بھی پریشان ہیں، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز شازیہ مری نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ سرکار مہنگائی سے غریبوں کو پامال کررہی ہے۔ اپنے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، جے یو آئی

بلوچستان کے سرکاری ملازمین کے ساتھ ہمیشہ سوتیلی ماں جیسا سلوک رکھا گیا

اوتھل (نمائندہ امروز) بلوچستان بھر کی طرح بلوچستان ایمپلائز اینڈ ورکرز گرینڈ الائنس کی جانب سے ضلع لسبیلہ کے تمام شہروں میں بھرپور احتجاج اور مین شاہراہ بلاک کردی، تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ کے صدر مقام اوتھل میں بھی بلوچستان ایمپلائز

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعظم سے وزیر داخلہ کی ملاقات، موجودہ سیاسی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حکومت سرکاری ملازمین کے جائز کے حل کیلئے ہمیشہ کوشاں ہے، نور محمد دمڑ

کوئٹہ (حریف ترین) بی اے پی کے مرکزی رہنماء

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ڈپٹی کمشنر پشین اور ان کے خاندان کے نیب میں کیسز رہے، عظیم کاکڑ

جب سے پشین میں قائم لاشاری آیا ہے چوری، ڈکیتی، قتل اور قبضے کے واردات بڑھے ہیں

پشین (پ ر) ڈپٹی کمشنر پشین اور ان کے خاندان کے نیب میں کیسز رہے۔ میں نہیں کہتا بلکہ نیب کا ریکارڈ گواہ ہے کہ قائم لاشاری، اس کے والد الیاس

بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

حیدرآباد، امیر جماعت اسلامی سراج الحق آل پاکستان سوئلنگی اتحاد و پلفیئر ایسوسی ایشن کے شرکاء سے بات چیت کررہے ہیں

پی ڈی ایم زندہ ہے وہ اپنا مشن جاری رکھے گی، احسن اقبال

تمام جماعتیں لانگ مارچ کے ذریعے مستعفی ہوجاتیں تو دس روز میں بوسیدہ نظام ختم ہوجاتا، میڈیا سے گفتگو

پاکستان تین سالوں میں قرضوں کے جال میں دھنس گیا ہے، مسلم لیگ (ن) کے پانچ سال کے قرضے پیداواری نوعیت کے تھے جس سے ملک کی ترقی ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل اور سابق وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ تمام جماعتیں لانگ مارچ کے ذریعے مستعفی ہوجاتیں تو دس روز میں بوسیدہ نظام ختم ہوجاتا، پی ڈی ایم زندہ ہے، وہ اپنا مشن جاری رکھے گی، پاکستان تین سالوں میں قرضوں کے جال میں دھنس گیا ہے، مسلم لیگ (ن) کے پانچ سال کے قرضے پیداواری نوعیت کے تھے جس سے ملک

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹر میاں رضا ربانی نے سینٹ کو بااختیار بنانے کا بل پیش کردیا

قومی اسمبلی کے مقابلے میں سینیٹ کے اختیارات کم ہیں، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پی ڈی ایم نے پیپلز پارٹی اور اے این پی کو شوکاز نوٹس جاری کردیئے

سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر کے معاملے پر پی ڈی ایم میں خلیج مزید وسیع ہوگئی، علیحدہ علیحدہ اجلاس

سلام آباد (این این آئی) پی ڈی ایم نے پیپلز پارٹی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

آئی ٹی سیکٹر کے حوالے سے ملک میں بے انتہا پوٹینشل موجود ہے، وزیراعظم

آئی ٹی سیکٹر کے فروغ کے حوالے سے ٹائم لائنز پر مبنی قلیل، وسط اور طویل المدت حکمت عملی کو حتمی شکل دی جائے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ آئی ٹی سیکٹر کے فروغ کے حوالے سے ٹائم لائنز پر مبنی قلیل، وسط اور طویل المدت حکمت عملی کو

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یٰسین زئی پاکستان بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے زیراہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

ملازمین گرینڈ الائنس کی کال پر سوراب میں بھی قومی شاہراہ کو بلاک کردیا گیا

آر سی ڈی قومی شاہراہ پر ہر قسم کی ٹریفک معطل ہونے کے باعث دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں

سوراب (این این آئی) آل ملازمین گرینڈ الائنس بلوچستان کے مرکزی کال پر سوراب میں بھی قومی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینٹ اجلاس، سینیٹر شفیق ترین کا فرنٹ لائن میں سیٹ مختص نہ کرنے پر احتجاج

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ میں سینیٹر شفیق ترین نے فرنٹ لائن میں سیٹ مختص نہ کرنے پر احتجاج کیا

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

سینیٹ، جج افتاب آفریدی انکی اہلیہ اور بچوں کیلئے دعائے مغفرت

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں جج افتاب آفریدی انکی اہلیہ اور بچوں کیلئے دعائے مغفرت کی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبہ جنوبی پنجاب کے معاملے پر حکومت نے بڑا یوٹرن لیا ہے، شاہد خاقان

حکومت کو ڈیلی ویجز کے لوگ نہیں چلا سکتے، صرف جھوٹ بولنے اور دھوکہ دینے کے علاوہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں

پاکستان میں جہاں بھی صوبوں کی ڈیمانڈ ہے اس کو اسمبلیوں میں لائیں، آئینی ترامیم کیلئے بحث و مباحثہ ضروری ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور پی ڈی ایم کے سیکرٹری جنرل شاہد خاقان عباسی نے ایک بار پھر حکومت پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبہ جنوبی پنجاب کے معاملے پر حکومت نے بڑا یوٹرن لیا ہے، حکومت کو ڈیلی ویجز کے لوگ نہیں چلا سکتے، صرف جھوٹ بولنے اور دھوکہ دینے کے علاوہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں، پاکستان میں جہاں بھی صوبوں کی ڈیمانڈ ہے اس کو اسمبلیوں میں لائیں، آئینی ترامیم کیلئے بحث و مباحثہ ضروری ہے، سینٹ میں فرینڈلی نہیں حقیقی اپوزیشن ملے گی۔ پیر کو یہاں مریم اورنگزیب کے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ 1

کے حصول تک جدوجہد جاری رکھیں گے۔ مگر حکومت کی جانب سے کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہم وزیراعلیٰ بلوچستان کو یہ بتانا چاہتے ہیں کہ سرکاری ملازمین حکومتی مشینری کا حصہ ہیں ہم اپنے حقوق سے دستبردار نہیں ہونگے اور جھکنے والے ہیں نہ ہی بکنے والے، انھوں نے کہا کہ حکومت سرکاری ملازمین کے مطالبات جلد از جلد منظور کرے بصورت دیگر ہرکال پر لبیک کہیں گے جو بھی ہمیں ہدایات ملیں گی اسے عملی جامہ پہنایا جائے گا اور اپنے کیلئے ہر پلیٹ فارم کا استعمال کریں گے۔

بقیہ 7

عطاء اللہ محمد زئی کیو آر ایف والہندین اور نوکنڈی لیویز کے ہمراہ نوکنڈی میں کلی زور آباد کے ایک گھر پر چھاپہ مار کر لوٹی گئی تاجر کے پرزہ پاٹ کے سامان برآمد کرلی جبکہ موقع واردات میں استعمال ہونے والی ایک ویگو گاڑی اور ایک ٹویوٹا پک اپ کو تحویل میں لے لیا گیا جبکہ ایک شخص اللہ نذر ولد عبدالکریم کو بھی گرفتار کرلیا دوران تفتیش ملزم نے اپنے جرم کا اعتراف بھی کرلیا جبکہ ملزمان کے دیگر ساتھیوں کے گرفتاری کیلئے لیویز کے چھاپے جاری ہیں۔

بقیہ 8

عملدرآمد نہیں کروا پا رہی۔ بلال غفار نے کہا کہ پرائیوٹ اسپتالوں میں بھی ویکسینیشن جاری ہے۔انہوں نے پاکستانی معیشت سے متعلق بات کرتے ہوئے مزید کہا کہ پاکستانی روپیہ ڈالر کے سامنے مضبوط ہوا ہے اور گاڑیوں کی فروخت میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ 9

کرائی ہے۔ پی ٹی اے نے پاکستان کے ٹیلی کام شعبے کی سیکیورٹی میں بہتری اور انتہائی اہم قومی ٹیلی کام ڈیٹا اور اس کے ڈھانچے کے تحفظ کے پیش نظر اپنے لائسنس یافتگان کے لئے سی ای آر ٹی پورٹل متعارف کرائی ہے۔ اس اقدام سے پی ٹی اے اور اس کے لائسنس یافتگان کو پی ٹی اے کے سائبر سیکیورٹی ریگولیشن کے مطابق ایک دوسرے کے ساتھ خطرات پر مبنی معلومات (تھریٹ انٹیلیجنس) کا تبادلہ کرنے میں مدد ملے گی۔ اس پورٹل کا قیام ٹیلی کام آپریٹروں سے مسلسل روابط اور ان کی جانب سے آراء کی موصولی کے بعد عمل میں لایا گیا۔ یہ پورٹل بنیادی طور پر پی ٹی اے اور ٹیلی کام سروس فراہم کنندگان کے مابین سائبر سیکیورٹی سے متعلقہ خطرات، واقعات، خبروں اور دیگر معلومات کے تبادلے کی سہولت فراہم کرے گی۔ پورٹل میں مستقل بہتری کے حوالے سے اس کی فعالیت کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید اقدامات کئے جائیں گے۔

بقیہ 10

دن کیلئے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی جبکہ حسین لوائی کی جانب ایم آر آئی ٹیسٹ کروانے کی درخواست عدالت میں پیش ہوئے اس دوران ملزم سلیم فیصل نے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی۔ پراسیکیوٹر نیب نے کہا کہ پہلا گواہ بیمار ہے اسکے بیان پر جرح نہیں ہوسکتی آج دوسرے گواہ کا بیان قلمبند ہوگا۔ جج اعظم خان نے کہا کہ دوسرا گواہ آ چکا ہے تو اس کا بیان قلمبند کرلیتے ہیں۔ وکیل ملزم نے کہا کہ کیا ایک گواہ کے بیان پر جرح جاری ہوتے ہوئے دوسرے گواہ کا بیان قلمبند نہیں ہوسکتا۔ جج اعظم خان نے کہا کہ ہوسکتا ہے ابھی ہوگا، آج دیکھ لینا۔ دوران سماعت نیشنل بنک کے نائب صدر نبیل ظہور کا بیان مکمل نہ ہوسکا، گواہ نے کہا کہ پارک لین اور پارتھینون کمپنیوں کو قرض سے متعلق گلستان جوہر کراچی کے دفتر پیش ہوا۔ وکیل حسین لوائی نے کہا کہ حسین لوائی کی ایکسرے رپورٹ میں ہڈی میں فریکچر آیا ہے، پمز ہسپتال کی ایم آر آئی مشین خراب ہے۔ وکیل شریک ملزم نے کہا کہ عدالت شفاء انٹرنیشنل ہسپتال سے ٹیسٹ کروانے کی اجازت دے۔ عدالت نے حسین لوائی کا ایم آر آئی ٹیسٹ کروانے کی اجازت دیدی۔ بعدازاں عدالت نے کیس کی سماعت ساعت 14 اپریل تک ملتوی۔

بقیہ 11

گراؤنڈ میں بوہرا کمیونٹی کے افراد کے ساتھ شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودے لگائے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملکی عوام کو مہنگائی نے تباہ کردیا ہے وزیراعظم کی بھی کچھ ذمہ داری بنتی ہے، ان کو اپنی پالیسی کو دیکھنا ہوگا، وزیر اعظم نے مسائل حل کرنے کے بجائے صرف مسائل پیدا کئے ہیں۔ صحافی کے سوال پر مرتضی وہاب نے اپوزیشن لیڈر حلیم عادل شیخ کی پریس کانفرنس میں کتوں کے کاٹنے سے متعلق جواب دیتے ہوئے کہا کہ یہ لوگ ابھی تک نہیں سدھرے، یہ جو کتوں کے کاٹنے والی زبان استعمال کرتے ہیں یہ ہم نہیں کرسکتے۔ یہ ایسی زبان بازی کرکے کتوں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔ ہیرسٹر مرتضی وہاب کا شجرکاری مہم کے حوالے سے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے بھی ایک لاکھ پودے لگانے کی مہم شروع کی سندھ حکومت صوبے بھر میں شجرکاری مہم چلا رہی ہے تاکہ ہمارا مستقبل محفوظ ہو، ہمیں اپنے بچوں کی طرح پودوں کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

بقیہ 12

خیال کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ سینیٹ الیکشن میں خفیہ کیمروں کی تحقیقات کی جائیں۔ اعظم نذیر تارڑ کے ریمارکس پر گیلانی کی حمایت کرنے والے سینیٹرز نے احتجاج کیا ،بی اے پی کے سینیٹرز کو تخفہ کہنے پر حکومتی اراکین کی جانب سے ہنگامہ اور ایوان میں شور شرابا کیا گیا۔ لیگی سینیٹر نے کہا کہ پانچ جماعتوں کے 27 سینیٹرز نے الگ اپوزیشن گروپ بنایا ہے، ہمیں الگ اپوزیشن بینچ الاٹ کیے جائیں، اپوزیشن مثبت اور تعمیری کردار ادا کرے گی، ہم 5 جماعتیں آزاد گروپ کی حیثیت سے اپوزیشن نشستوں پر بیٹھیں گے۔ سینیٹ اجلاس کے دوران یوسف رضا گیلانی کی حمایت کرنے والے دلاور خان گروپ نے بھی الگ نشستیں مانگ لیں۔

بقیہ 13

کی نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دیتے ہوئے تحقیقات طلب کرلی تھی یاد رہے کہ جنوبی وزیرستان میں 4 ہزار کے قریب خاصہ دارفورس حاضر سروس ملازمین ہیں جس کے پچھلے کئی مہینوں سے تنخواہیں بند ہیں بے چاروں کی پینشن بھی ختم کیا گیا ہے دوسری جانب عوامی حلقوں میں تشویش کا لہر دوڑ گیا ہے۔

بقیہ 14

مقدمات میں شامل کرے جس دن شفاف تحقیقات ہوں گی عمران خان اور شہزاد اکبر جیل جائیں گے، عمران نیازی نے آئی ایم ایف کی وہ شرائط بھی مانی جو آج تک کسی نے نہیں مانیں، عمران نیازی کے دن کنے جاچکے ہیں، پیپلز پارٹی نے پی ڈی ایم کو سینیٹ کے اپوزیشن لیڈر کے مسئلے پر اعتماد میں نہیں لیا، پیپلز پارٹی نے جو زبان دی تھی اس پر قائم رہنا چاہیے ،مریم نواز کا علاج چل رہا ہے وہ جیسے ہی ٹھیک ہونگی تو وہ دوبارہ متحرک ہونگی، پی پی 84 خوشاب کے ضمنی انتخاب کا ٹکٹ وارث کلو مرحوم کے بیٹے کو دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ (ن) کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل عطاء اللہ تارڑ نے ماڈل ٹاؤن سیکرٹریٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پارٹی کے پارلیمانی بورڈ کے اجلاس میں پی پی 84 خوشاب کے ضمنی انتخاب کے ٹکٹ کے حوالے سے غور ہوا، پارلیمانی بورڈ نے سفارشات مرتب کیں کہ وارث کلو مرحوم کے بیٹے کو ٹکٹ دیا جائے ،سفارشات صدر مسلم لیگ اور قائد کو بھجوادی گئی ہیں اس پر وہ فیصلہ کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ڈسکہ الیکشن کو معطل کروانے کے لئے محکمہ صحت کی رپورٹ کے پیچھے چھپ رہی ہے، تحریک انصاف نے محکمہ صحت کو کورونا کا بہانہ بنا کر الیکشن رکوانے کا کہا ہے، ہم پرامن لوگ ہے لیکن اس دفعہ تحریک انصاف کو ٹھنڈہ گردی نہیں کرنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے کارکن چارجڈ ہیں اور تحریک انصاف کو بڑے مارجن سے شکست دیں گے، ڈسکہ مسلم لیگ ن کا گڑھ ہے اور رہے گا، ڈسکہ الیکشن میں چوتھی بار جیت شیر کی ہی ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کنٹرول نہ کرنے کی وجہ سے تحریک انصاف الیکشن سے بھاگ رہی ہے، ووٹرز کو یقین دلاتے ہیں کہ پرامن الیکشن ہوگا۔ انہوننے کہا کہ جہانگیر ترین کی ضمانت کے حوالے سے سوال کے جواب میں کہا کہ اگر جہانگیر ترین وعدہ معاف گواہ بنے تو عمران خان کو جیل جانا پڑے گا۔ چینی کو ایکسپورٹ کرنے کی ذمہ داری وزیراعظم پر عائد ہوتی ہے، وزیراعظم نے چینی ایکسپورٹ کرنے کی اجازت دی تھی، ایف آئی اے وزیراعظم کو شریک مجرم کے تحت چینی کے مقدمات میں شامل کرے اور کہاں ہے نیب ہم نے چار نسلوں کا جواب دیا ہے، عمران نیازی کو نوٹس دے اور پوچھے کہ چینی ایکسپورٹ کیسے ہوئی، جس دن شفاف تحقیقات ہوں گی عمران خان اور شہزاد اکبر جیل جائیں گے۔ ایف آئی اے اہلکاروں نے شریف گروپ انڈسٹری کے افسر کو بلایا اور تشدد کا نشانہ بنایا، عمران خان ٹھیک کہتا تھا کہ مہنگائی تب ہوتی ہے جب وزیراعظم چور ہوتا ہے، عمران نیازی نے آئی ایم ایف کی وہ شرائط بھی مانی جو آج تک کسی نے نہیں مانیں، عمران نیازی کے دن کنے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ختم ہوتے ہی شہزاد اکبر کے خلاف مختلف کیسز کے تحت کاروائی ہو گی۔ پیپلز پارٹی نے پی ڈی ایم کو سینیٹ کے اپوزیشن لیڈر کے مسئلے پر اعتماد میں نہیں لیا، پیپلز پارٹی نے جو زبان دی تھی اس پر قائم رہنا چاہیے، آپ کو عدلیہ، ادارے، عوام سمیت سب ٹھیک نہیں ملے، ع سے سے اگر عثمان سے ہی مقصود تھا تو ع سے عثمان ڈار کو لگا دیتے وہ تھوڑا کام ہی کر لیتے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کا علاج چل رہا ہے وہ جیسے ہی ٹھیک ہونگی تو وہ دوبارہ متحرک ہونگی۔ انہوں نے کہا کہ میاں شہباز شریف کو اثاثوں کے کیس میں پکڑا گیا، یہ سیاسی انتقام ہے میرٹ پر فیصلہ ہوگا تو ان کی ضمانت منظور ہوگی۔

بقیہ 15

پر ملک ذیشان حسین، حیات خان اچکزئی، افضل مغل سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ سے آزاد میڈیا کی داعی رہی ہے پارٹی نے میڈیا کو حقیقی عوامی رائے کا آئینہ تصور کرتے ہوئے تنقید کو مثبت انداز میں نہ صرف سنا ہے بلکہ اپنے دور حکومت میں کارکردگی کی بہتری میں میڈیا کی رائے کو اہمیت دی ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں میڈیا پر غیر اعلانیہ طور پر عائد کی جانے والی پابندیاں قابل مذمت ہیں وفاقی حکومت کی جانب سے صحافیوں کا معاشی قتل، غیر اعلانیہ سنسر شپ سمیت دیگر قدغنیں حکومت کی جانب سے اپنی ابتر کارکردگی کو چھپانے کا حربہ ہیں لیکن میڈیا نے سر نہ جھکاتے ہوئے عوامی مسائل کو جس انداز میں اجاگر کیا ہے اس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے ہر شخص کا بنیادی حق ہے جس پر کسی بھی صورت پابندی قابل قبول نہیں ہے پیپلز پارٹی صحافیوں کے حقوق کی جدوجہد میں انکے شانہ بشانہ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ پریس کلب ملک کے فعال ترین پریس کلبز میں سے ہے جس نے بلوچستان کے حقیقی مسائل کو ہمیشہ اجاگر کیا اور توقع ہے یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔ اس موقع پر انہوں نے نو منتخب صدر و جنرل سیکرٹری کو گلدستے پیش کئے

بقیہ 16

ہماری ترجیح ہے، اس ماہ یا اگلے ماہ تک تمام بزرگوں کی ویکسینیشن کا منصوبہ ہے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد کا کہنا تھا کہ بزرگوں اور ہیلتھ پروفیشنلز کو ملا کر سوا 4 لاکھ افراد کو ویکسین لگا چکے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر 18 سے 19 ہزار افراد کو ویکسین لگائی جارہی ہے۔ وزیر صحت پنجاب نے کہا کہ اب ہم اتوار کو بھی اپنے ویکسین سینٹرز کھولے رکھیں گے، معذور لوگ جو ویکسین سینٹر نہیں جاسکتے وہ 1033 پر کال کریں، ایمبولینس معذور لوگوں کے گھروں میں جا کر ویکسین لگائے گی۔ ویکسین کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ رجسٹر ہونے والے تمام افراد کی ویکسین ہمارے پاس موجود ہے، پنجاب کو 2 لاکھ ویکسین کی مزید خوراکیں دی جاچکی ہیں، وفاقی حکومت مزید ویکسین حکومت پنجاب کو فراہم کرے گی۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ کین سائینو ویکسین کی 20 ہزار خوراکیں ہمارے پاس آچکی ہیں، ڈیمانڈ کے مطابق ویکسین ہمیں مل جائے گی، پنجاب نے اپنی ویکسین خریدنے کیلئے ڈیڑھ ارب روپے مختص کردیے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب میں زیادہ تر آبادی 30 سال سیکم عمر کی ہے، لاہور میں 2 کورونا سینٹرز کھول دیے، پیر کو تیسرا سینٹر کھولا جائے گا۔ کورونا ویکسین کے غائب ہونے کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ اب ویکسین لگانیوالے تمام اسپتالوں کا آڈٹ ہوگا، آڈٹ میں یہ دیکھا جائیگا کہ انہوں نے ہمارا طریقہ کار اپنایا ہے یا نہیں۔

بقیہ 17

ایوانوں کے درمیان اختیارات کی بات ہوتی ہے، قومی اسمبلی کے مقابلے میں سینیٹ کے اختیارات کم ہیں، ایوانوں کے اختیارات برابر ہونے چاہئیں۔ سینیٹر رضا ربانی نے بل میں سینیٹ کے اختیارات بڑھانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 160،57,62,72,73,86,89,126,159، 162 اور 166 میں ترمیم کی جائے، صوبے کے وزیراعلیٰ کو سینیٹ میں بولنے کا اختیار دیا جائے، سینیٹر متعلقہ علاقے سے ہو تو ووٹ منتقل کروا کر دوسرے علاقے سے نہ آئے۔ چیئرمین سنجرانی نے بل متعلقہ کمیٹی کے سپرد کردیا۔

بقیہ 18

کہ ملک کی سلامتی اور بقاء کے لئے ضروری ہے کہ یہاں جمہوریت کو پنپنے دیا جائے معیشت اور جمہوریت مضبوط ہونگی تو پاکستان مضبوط اور مستحکم ہوگا موجودہ نااہل حکومت نے ملک کے معاشی نظام کا بیڑہ غرق کردیا ہے ابتر حکمرانی کی وجہ سے آج پاکستان سنگین حالات سے گزر رہا ہے اور ملکی وجود خطرے میں آگیا ہے انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی نااہلی کی وجہ سے مہنگائی، کرپشن عروج پر ہیں عوام، ملازمین سمیت ہر طبقہ سراپا احتجاج ہے لیکن خواہ وفاقی ہو یا صوبائی حکومت انہیں عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں حکمران صرف اور صرف اقتدار کے مزے لوٹ رہے ہیں جبکہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، کرپشن کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے حکومت نے ملک کی بنیادوں کو دیمک کی طرح چاٹ کر کمزور کردیا ہے ایسی صورتحال میں سیاست دانوں، سیاسی جماعتوں اور تمام اداروں کو ملک ملک میں جمہوریت کی مضبوطی کے لئے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی ہونگی انہوں نے کہا کہ ملکی مفادات اور جمہوریت کی خاطر ہم سب کو اپنی انا، ضد، مفادات اور وقتی طور پر ملنے پر والی طفل تسلیوں کو ایک طرف رکھتے ہوئے وسیع تر ملکی مفاد میں جمہوری نظام کو چلنے دینا ہوگا اگر سیاسی جماعتیں غیر جمہوری قوتوں کو مستحکم کریں گی تو اسکا نقصان صرف سیاسی جماعتوں کو ہی نہیں بلکہ ملک کو بھی ہوگا اور اگر وقتی طور پر ملنے والی مراعات کو ترجیح دی گئی تو اس سے جمہوری نظام کو نقصان پہنچ سکتا ہے جسکی ذمہ داری تمام ان لوگوں پر عائد ہوگی جنہوں نے یہ عمل کیا، شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ملک میں جمہوریت اور جمہوری اداروں کو مضبوط کرنے سے قانون کی بالادستی، امن، بہتر معیشت جیسے فوائد حاصل ہونگے ہم سب کو ملکر پاکستان کی بقاء وسلامتی کے لئے ایک پیج پر آنا ہوگا اور اپنے رویوں پر غور کرنا ہوگا اور اپنے تمام فیصلے ملک میں جمہوری حکمرانی کو مدنظر رکھتے ہوئے کرنے ہونگے

بقیہ 19

کے باعث انقلاب کر گئے تھے۔ معظم شیر کلو آئندہ ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر الیکشن لڑینگے۔

بقیہ 20

2019-20 کیلئے پروگرام کا خصوصی آڈٹ نہ کیا جائے۔ وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے 4 جنوری کو ہوئے ایک اجلاس کے نکات میں کہا گیا تھا کہ آڈیٹر جنرل آف پاکستان منصوبے کا خصوصی آڈٹ کریں گے تاہم وزارت ماحولیات نے نکات کے برخلاف کہا کہ اس قسم کا کوئی فیصلہ اجلاس میں نہیں کیا گیا تھا۔ بعدازاں 30 مارچ کو اجلاس کے نظر ثانی شدہ نکات جاری کیے گئے جس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ خصوصی آڈٹ کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا بلکہ معمول کا آڈٹ کیا جائے گا۔ نکات پر نظر ثانی کے اگلے ہی روز وزارت ماحولیات نے آڈیٹر جنرل آف پاکستان سے درخواست کی تھی کہ خصوصی آڈٹ نہ کیا جائے۔ وزارت ماحولیات کی جانب سے ارسال کردہ خط میں کہا گیا کہ وزارت منصوبہ بندی کے جاری کردہ نکات غلط پوزیشن ظاہر کرتے ہیں کیوں کہ یہ اجلاس میں ہوئی بات چیت کے مطابق نہیں، اس لیے وزارت منصوبہ بندی نے 30 مارچ کو ترمیم شدہ نکات ارسال کیے چنانچہ ڈائریکٹر جنرل آڈٹ (کلائمیٹ چینج اینڈ انوائرنمنٹ) سے درخواست کی گئی کہ وزارت منصوبہ بندی کی سفارشات پر غور کریں اور 10 ارب درخت سونامی منصوبے کے ریگولر آڈٹ کا پروگرام ری شیڈول کریں۔ ذرائع کے مطابق اجلاس کے نکات کی مخالفت کرنے اور 2 ماہ بعد نظر ثانی شدہ نکات جاری کرنے کے بجائے وزارت ماحولیات کو منصوبے کے مثبت اسکور کو فروغ دینے کے لیے خصوصی آڈٹ کا خیر مقدم کرنا چاہیے تھا۔ ایک افسر نے نام نہ بتانے کی شرط پر کہا کہ مجھے کچھ اندازہ نہیں کہ ہماری وزارت خصوصی آڈٹ سے گریز کیوں کر رہی ہے، اس چیز سے نظریں اٹھی ہیں اگر اجلاس کے نکات میں غلطی بھی تھی تو وزارت کو خصوصی آڈٹ کے لیے جانا چاہیے تھا تاہم اس ضمن میں جب وزارت ماحولیات کے جوائنٹ سیکریٹری اور 10 ارب درخت سونامی منصوبے کے ڈائریکٹر سلیمان وڑائچ سے رابطہ کیا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ اجلاس کے نکات میں غلطی تھی اور فیصلہ ریگولر آڈٹ کا ہوا تھا خصوصی آڈٹ کا نہیں کیوں کہ منصوبہ ابھی بھی جاری ہے اور 4 سالہ پروگرام ہے جو 2023 میں اختتام پذیر ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ عموماً خصوصی آڈٹ کسی منصوبے کی تکمیل کے بعد کیے جاتے ہیں اور جاری منصوبے کے لیے مالی سال کے ریگولر آڈٹ ہوتے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ کچھ عناصر منصوبے کو متنازع بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، ان کی وزارت نے اجلاس کے نکات کی بنیاد پر خصوصی آڈٹ کی مخالفت کی تھی ورنہ وہ احتساب کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چند روز قبل وزارت ماحولیات نے خصوصی آڈٹ کروانے کا فیصلہ کیا ہے۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر کا کہنا تھا کہ وزارت ماحولیات نے گزشتہ پیر کو آڈٹ دفتر نے خصوصی آڈٹ کی درخواست بھی کی تھی اور اس کے لیے جمعہ کے روز فوکل پرسن بھی نامزد کردیا ہے۔

بقیہ 21

عثمان بزدار کی ہدایت پونے پانچ لاکھ شہریوں کو ویکسینیشن کر چکے ہیں، ہمیں الیکشن کے حوالے سے اپنی ترجیحات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ پیر کو معاون خصوصی برائے اطلاعات پنجاب ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ میڈیا کے تعاون کے بغیر کوئی بھی حکومت کامیاب نہیں ہوسکتی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میڈیا کے تعاون کے بغیر کوہی بھی، حکومت کامیاب نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کورونا حالات میں ہے ایسے میں میڈیا ہر اوڈیسے کا کردار ادا کر رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ عثمان بزدار کی ہدایت پونے پانچ لاکھ شہریوں کو ویکسینیشن کر چکے ہیں، این سی او سی کے فیصلے کے مطابق چل رہے ہیں میڈیا کو ویکسین نہیں لگا سکتے ہے، این سی او سی فیصلہ کرے گی، انہوں نے کہا کہ ڈیڑھ ارب کی ویکسین خریدنے جارہے ہیں، جسکے بعد میڈیا کے ہراول دستے کو اس ترجیح میں شامل کریں گے، آپکے رول کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں اموات کی شرح زیادہ اور کورونا بڑھ رہا ہے 15 اموات آج بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور فیصل آباد راولپنڈی سیالکوٹ میں بھی کورونا شرح زیادہ ہے، سیالکوٹ میں الیکشن میں انگھوٹھا لگانے سے کورونا بڑھنے کا خدشہ ہے، اس حوالے سے، الیکشن کمیشن سے بھی رجوع کریں گے یہ بڑا چیلنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں الیکشن کے حوالے سے اپنی ترجیحات کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی حوالے سے مخالفین کی نیند حرام اور پی ڈی، ایم کے مردے سے روح نکل چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عدنان جعلی راجکماری کی نئی بیماری ایجاد کرنے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینٹ میں ایک دوسرے کا دردبانٹنے والوں نے ظل سبحانی کے حکم آزاد ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان گلگت بلتستان کے حوالے بڑا اعلان کرنے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے جس ایمبولینس کا افتتاح کیا اس کا براہ راست فائدہ عوام کو ہوا، ان ایمبولینس پر لوگوں کا، حق ہے شادی بیاہ پر استعمال نہیں کرنا۔ انہوں نے کہا کہ چینی کی فراہمی پر حکومت کو چیلنج درپیش ہیں حکومت چینی امپورٹ کرنے جارہی ہے ،حکومت ذخیرہ اندوزملوں کے خلاف مصنوعی قلت پر کارروائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سہولت بازار میں قیمت 60 روپے میسر ہوگی مہنگائی کو کنٹرول کرنا ہمارا کام ہے کریں گے، انتظامیہ کے بارے لیپے پر نہیں رہیں گے تاکہ روزہدار پرامن ماحول میں روزہ بھی رکھے اور خریداری کرے۔

بقیہ 22

۔چیئرمین سینٹ نے کہا کہ پاکستان جاپان کے ساتھ اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے مابین معاشی تعاون کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی روابط کے فروغ سے دیگر شعبوں میں تعاون بہتر ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بلوچستان قدرتی وسائل اور معدنیات سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ معدنیات اور ماہی گیری کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی بے پناہ استعداد موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاپان کے سرمایہ کار بلوچستان بالخصوص گوادر اور پسنی میں سرمایہ کاری کے مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کی بدولت خطے کی تقدیر بدل سکتی ہے، بی پیک کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے بین الاقوامی برادری کو کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر نیو کلیئر فلش پوائنٹ بن چکا ہے جس کے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ پورے خطے کیلئے خطرناک نتائج سامنے آسکتے ہیں۔ جاپانی سفیر نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے تعلقات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جاپان پاکستان کے ساتھ تجارتی تعاون میں مزید فروغ کا خواہشمند ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانیوں کو جاپان میں ملازمتیں فراہم کرنے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

بقیہ 23

مطابق سرگودھا ریجن کے قصبہ مٹھہ ٹوانہ کے گاؤں بجار میں دیرینہ رنجش پر اظہر نے فائرنگ کر کے محمد تقیر پر فائرنگ کردی جو معجزانہ طور پر بچ گیا۔ اسی طرح قصبہ جوہر آباد کے چک 39 ایم بی 15 والی پلی پر معمولی رنجش پر عمر کشمیری نیفائرنگ کر کے شہباز خان پٹھان کو زخمی کردیا اور جوہر آباد کے ہی گاؤں بٹیوالا میں محمد عارف وغیرہ نیفائرنگ کر کے عبدالقیوم کو زخمی کردیا جبکہ جوہر آباد کے چک 147 ایم پی میں 2 گروپوں میں چاقوؤں اور چھریوں کے آزادانہ استعمال۔ میں 3 افراد 0 2 سالہ محمد عمر، 14 سالہ مجاہد علی، 20 سالہ احمد الیاس شدید زخمی ہوگئے ان واقعات کے زخمیوں کو ریسکیو کر کے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا۔ پولیس قاتلانہ حملہ کے واقعات میں مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 24

کا معاوضہ مقتول کے ورثاء کو ادا کرنے کا حکم سنا دیا۔ زرائع کے مطابق دونوں ملزمان سلیمان اور عارف نے دو سال قبل 2019ء میں شہر کے علاقہ فیکٹری ایریا میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کینوجوان حمزہ کو قتل کردیا تھا جس پر تھانہ فیکٹری ایریا نے خونی ڈکیتی کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے ملزمان کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا۔ گزشتہ روز ایڈیشنل سیشن جج خالد وزیر نے خونی ڈکیتی کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم عارف کو سزائے موت اور ساتھی ملزم سلیمان کو 32 سال قید با مشقت کی سزا کے ساتھ مجموعی طور پر مقتول کے ورثاء کو 11 لاکھ روپے معاوضہ ادا کرنے کا حکم سنایا۔ جس پر دونوں مجرموں کو ہتھکڑیاں لگا کر واپس ڈسٹرکٹ جیل سرگودھا منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 25

کے نتیجے میں مزید 4 ہزار 323 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی، کورونا کے مثبت کیسز کی شرح 9.96 فی صد ہوگی ہے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا کے باعث مزید 43 افراد جاں بحق ہوگئے جس کے بعد ملک بھر میں کورونا وائرس سے جاں بحق افراد کی تعداد 14 ہزار 821 تک پہنچ گئی ۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں سب سے زیادہ اموات کے پی میں ہوئیں جہاں 17 افراد زندگی کی بازی ہار گئے، این سی او سی کے مطابق پنجاب میں 15، اسلام آباد میں 4 اور آزاد کشمیر میں 7 اموات ہوئیں۔ این سی او سی کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 92 ہزار 231 ہوگئی ہے جب کہ ایکٹو کیسز کی تعداد 61 ہزار 450 اور صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 6 لاکھ 15 ہزار 960 ہوگئی ہے۔

بقیہ 26

سہولیات کا جائزہ لیا۔ پیر کو ویکسینیشن سنٹر پر موجود بزرگ شہریوں سے بات چیت کی گئی۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے حکومت عملی اقدامات کر رہی ہے ،حکومت منصوبے کے مطابق ویکسین کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے، عوام احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل کریں۔ انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے سماجی فاصلے کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ ترلائی ہیلتھ سنٹر پر ڈبلیو ایچ او کے تعاون سے اسی سال سے زائد عمر کے افراد اور معذور افراد کی ویکسینیشن کیلئے ایک مخصوص کاؤنٹر بھی بنایا گیا ہے۔

بقیہ 27

جیل کی صورتحال کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں اڈیالہ جیل راولپنڈی میں دو گروپوں کی لڑائی کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں جیل میں منشیات اور موبائل فون کر رسائی کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل اعجاز اصغر اور ڈی آئی جی جی ملک شوکت فاروق نے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ اپریل میں اڈیالہ جیل میں منشیات، موبائل فون اور گینگسٹرز کے خلاف خصوصی آپریشن کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیلوں میں مافیا عناصر اور منشیات کی ترسیل کی سرکوبی کے لیے ہر حد تک جائیں گے۔ فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ پنجاب کی کسی جیل میں کسی انڈر ورلڈ گینگ اور مافیا کو قانون ہاتھ میں نہیں لینے دیا جائے گا۔ فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ ہمارا عزم ڈسپلن اور قیدیوں کے حقوق کے درمیان توازن پیدا کرنا ہے۔

بقیہ 28

گرفتار ہو چکے ہیں واپڈا والوں نے پورے تحصیل تا صاحب کی بجلی بند ہوئی ہے سکولوں کو تالے لگے ہوئے ہیں پانی کا بڑا مسئلہ بنا ہوا ہے نااہل اور غافل عوام نمائندوں نے بچا کچھ کسر پورا کیا ہوا ہے علاقہ کا زراعت بجلی کے نہ ہونے سے تباہ ہے خش

روزنامہ
امروز
کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز منگل 06 اپریل 2021ء

میانمار 10 نسلی باغی گروپوں کا فوجی جنتا کیخلاف عوامی تحریک کا ساتھ دینے کا اعلان

فوج نے صرف کے این یو کو ٹارگٹ کیا تا کہ فوجی اڈے پر ان کے قبضے کو ختم کیا جاسکے، فوجی کونسل کے رہنماؤں کو جواب دہ ہونا ہوگا، فضائی حملوں کے باعث بچوں سمیت کئی افراد ہلاک ہوئے اور قریب بارہ ہزار افراد کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑا

مسلح باغی گروپوں کی ملاقات ایک ایسے وقت میں ہوئی ہے جب حال ہی میں ان ہی میں سے ایک گروہ کیرن نیشنل یونین (کے این یو) نے کیرن ریاست میں ایک فوجی اڈے پر قبضہ کرلیا اور دس فوجی افسروں کو بھی ہلاک کردیا

ینگون (این این آئی) میانمار کے دس اہم نسلی باغی گروپوں نے فوجی جنتا کے خلاف جاری عوامی تحریک کا ساتھ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس اعلان سے خدشہ بڑھ گیا ہے کہ یہ جنوبی ایشیائی ملک مزید بدامنی کا شکار ہوسکتا ہے۔ میانمار کی فوج اور مسلح نسلی گروپس کے درمیان عرصہ دراز سے مسلح جھڑپوں کا سلسلہ گاہے گاہے جاری ہے۔ ہفتے کو ایسے دس باغی گروپس نے آن لائن ملاقات میں ملک کی فوج کی جانب سے مظاہرین پر فائرنگ کے واقعات کی مذمت کی۔ باغی گروپ ریسٹوریشن کونسل آف شان اسٹیٹ کے لیڈر یعاد سرک کا کہنا تھا، فوجی کونسل کے رہنماؤں کو جواب دہ ہونا ہوگا۔ گزشتہ ہفتے میانمار کی فوج نے مسلح گروہوں کے ساتھ ایک ماہ کی جنگ بندی کا اعلان کیا لیکن اس اعلان میں فوج مخالف مظاہروں کے خلاف طاقت کو نہ استعمال کرنے سے متعلق کچھ نہیں کہا گیا تھا۔ گزشتہ ہفتے میانمار میں اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندے ٹیکیو رٹی کونسل کو خبردار کیا تھا کہ یہ ملک سرد جنگ اور خون ریزی کی جانب جا سکتا ہے۔ مسلح باغی گروپوں کی ملاقات

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مختار وازہ کی طرف سے تنازعہ کشمیر کے پرامن حل پر زور

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں جموں وکشمیر پیپلز لیگ کے چیئرمین مختار احمد وازہ نے تنازعہ کشمیر کو بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی کی بنیادی وجہ قرار دیتے ہوئے اس دیرینہ تنازعے کے پرامن حل پر زور دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق مختار وازہ نے سرینگر سے جاری ایک بیان میں کہا کہ تنازعہ کشمیر کو صرف بھارت، پاکستان اور کشمیریوں سمیت تمام فریقوں کے درمیان مذاکرات کے ذریعے ہی حل کیا جاسکتا ہے۔ مختار احمد وازہ نے مزید کہا کہ کشمیری گزشتہ 73 برس سے حل طلب تنازعہ کشمیر سے سب

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سطح سمندر سے ساڑھے تین ہزار میٹر کی بلندی پر تعمیر کیا گیا ریلوے اسٹیشن

کوہ ایلپس کی بلند چوٹی تک ریلوے ٹریک کھدائی شروع کرنے کے 16 برس بعد مکمل ہوا

ریلوے لائن اس بلندی تک نہیں پہنچ سکی جس کا خواب اڈولف گوئر سیلر نے دیکھا تھا

برسلز (این این آئی) سوئٹزرلینڈ کا ینگ فراؤ ریلوے اسٹیشن کوہ ایلپس میں واقع ہے۔ یہ سطح سمندر سے قریب ساڑھے تین ہزار میٹر کی بلندی پر تعمیر کیا گیا ہے اور اسے ایک تکنیکی شاہکار خیال کیا جاتا ہے۔ اگست 1893 میں سوئس صنعت کار اڈولف گوئر سیلر نے ایک دلیرانہ فیصلہ کیا کہ ایک ریلوے ٹریک مکمل کیا جائے جو کوہ ایلپس کی بلند چوٹی تک جائے۔ اس چوٹی کی سطح سمندر سے بلندی چار ہزار ایک سو اٹھاون میٹر (13641 اکتالیس فٹ) اور نام ینگ فراؤ (Jungfrau) ہے۔ اس چوٹی کو پہلی مرتبہ سن 1811 میں سر کیا گیا

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، چیف سیکرٹری بلوچستان مطہر نیاز رانا کو گوادر پہنچنے پر کمشنر مکران ڈویژن شاہ عرفان غرشین روایتی شال پہنا کر استقبال کر رہے ہیں

بنگلہ دیش کشتی حادثے میں متعدد افراد ہلاک

ایک چھوٹی کشتی کو ایک مال بردار بڑی کشتی نے پیچھے سے ٹکر ماردی جس سے کشتی وہیں غرقاب ہوگئی

گم شدہ افراد کی تلاش اور لاشوں کو نکالنے کے لیے غوطہ خوروں کی خدمات کے ساتھ ساتھ دیگر امدادی سرگرمیاں رات میں جاری رہیں

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش میں حکام کا کہنا ہے کہ دریائے شیتا لکھیا میں ایک چھوٹی کشتی ایک مال بردار جہاز سے ٹکر لگنے کے بعد ڈوب گئی۔ حادثے کا شکار ہونے والی کشتی میں کم از کم 50 افراد سوار تھے۔ حکام کے مطابق اب تک پانچ لاشیں نکالی جاچکی ہیں جبکہ درجنوں افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ بنگلہ دیش میں واٹر ٹرانسپورٹ اتھارٹی سے وابستہ ایک افسر مبارک حسین نے بتایا کہ یہ واقعہ ڈھاکہ کے پاس ہی دریائے شیتا لکھیا میں اس وقت پیش آیا جب ایک ڈبل ڈیکر کشتی کو مال بردار جہاز نے پیچھے سے ٹکر ماردی جس کی وجہ سے کشتی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سربندن میں زیر تعمیر گرلز ہائر سیکنڈری سکول کی عمارت کا معائنہ کر رہے ہیں

افغان صدر کی تین مراحل پر مشتمل امن روڈ میپ کی تجویز

تیسرے مرحلے میں افغانستان کی ترقی کیلئے آئینی فریم ورک، مہاجرین کی بحالی اور ترقی شامل ہوگی، اشرف غنی کا یہ منصوبہ واشنگٹن کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کے مقابلے میں رکھا جائیگا

افغان صدر کو اجلاس سے قبل طالبان کے ساتھ ایجنڈے پر اتفاق رائے کرنا ہوگا، اگر سابق صدر ٹرمپ انتظامیہ کے مابین معاہدے کے تحت طے شدہ یکم مئی کی ڈیڈ لائن کو پورا نہیں کرتے تو دوبارہ حملے شروع ہوجائیں گے

کابل (این این آئی) ترکی میں منعقد ہونے والے ایک اجلاس کے دوران افغان صدر اشرف غنی افغانستان میں امن کے لیے تین مراحل پر مشتمل امن روڈ میپ پیش کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق افغان صدر انتخابات سے قبل طالبان سے معاہدہ اور جنگ بندی کا مطالبہ کریں گے۔ واشنگٹن اقوام متحدہ کی شمولیت کے ساتھ رواں ماہ افغان حکومت اور طالبان کے مابین امن معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے ترکی کے زیر اہتمام ایک کانفرنس کے لیے زور دے رہا ہے۔ خیال رہے کہ افغانستان سے تمام غیر ملکی فوجیوں کے انخلا کی آخری تاریخ یکم مئی ختم ہوگئی ہے۔ اشرف غنی کا یہ منصوبہ واشنگٹن کی جانب سے پیش کردہ تجاویز کے مقابلے میں رکھا جائے گا جسے افغان حکومت نے مسترد کردیا تھا۔ جس میں طالبان کے نمائندوں کو شامل کرنے کے لیے عبوری انتظامیہ کو ایک نیا قانونی نظام وضع کرنے کا تصور کیا گیا ہے۔ دستاویزات کے مطابق پہلے مرحلے میں سیاسی تصفیہ کے بارے میں اتفاق رائے اور بین الاقوامی سطح پر نگرانی کی جانے والی جنگ بندی شامل

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر حاجی عبداللہ اچکزئی آئی جی پولیس بلوچستان طاہر رائے کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

کورونا ویکسین کو میت تارکین وطن کو امتیازی رویے کا سامنا

مشرق وسطیٰ کی دیگر ریاستوں کے برعکس کویت میں کورونا وائرس کی ویکسین لگوانے کے عمل میں ملکی شہریوں کو ترجیح دی جارہی ہے

گزشتہ دسمبر کویت کی ریاست کی جانب سے اعلان کیا گیا تھا کہ ویکسین سب سے پہلے طبی عملے کے افراد، بزرگوں اور ان افراد کو دی جائے گی، جو بیمار ہیں

کویت سٹی (این این آئی) تیل سے مالا مال ریاست کویت، جہاں غیر ملکی اس ملک کی معیشت کا پہیہ چلا رہے ہیں اور جو ملک کی آبادی کا ستر فیصد ہیں، انہیں کورونا وائرس کی ویکسین لگوانے میں امتیازی رویے کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ کی دیگر ریاستوں کے برعکس کویت میں کورونا وائرس کی ویکسین لگوانے کے عمل میں ملکی شہریوں کو ترجیح دی جارہی ہے۔ ایشیا، افریقہ اور دنیا کے دیگر ممالک سے آئے تارکین وطن، جو کویتی شہریوں کے گھروں میں کام کرتے ہیں، ان کے بچوں کا خیال کرتے ہیں، ان کی گاڑیاں چلاتے ہیں

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بولان، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر سید ارشد الدین شاہ و دیگر عہدیداران ملزمان کی عدم گرفتاری کے خلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سٹی پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز

مظفر آباد (این این آئی) سٹی پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز، 5 رکنی ڈرگ ڈیلرز اور جیب تراشوں کا گروہ گرفتار کرلیا گیا۔ ہیروئن اور چرس برآمد۔ مقدمات درج، تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس کے محمد علی، محمد پرویز اعوان

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کشمیری اپنی آزادی کے بنیادی حق پر کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے: فاروق رحمانی

اسلام آباد (این این آئی) جموں وکشمیر پیپلز فریڈم لیگ کے چیئرمین محمد فاروق رحمانی نے کنٹرول لائن پر جنگ بندی معاہدے پر عملدرآمد کے باوجود مقبوضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوج کی کارروائیوں اور جعلی مقابلوں کی پالیسی کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمد فاروق رحمانی نے اسلام آباد میں جاری ایک بیان میں کہا کہ بھارت

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اردن میں زیر حراست سابق ولی عہد کا احکامات ماننے سے انکار

آزادانہ نقل وحرکت محدود کرنے کے احکامات پر عمل نہیں کریں گے، ایمن الصفدی

عمان (آن لائن) اردن میں زیر حراست شاہ عبداللہ کے سوتیلے بھائی شہزادہ حمزہ بن حسین نے کہا ہے کہ وہ آزادانہ نقل وحرکت محدود کرنے کے احکامات پر عمل نہیں کریں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اردن میں زیر حراست سابق ولی عہد شہزادہ حمزہ کا آڈیو پیغام سامنے آیا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ باہر نہ جانے اور عوام سے

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کسی بھی صورت اجنبی مسافر کا سامان نہ لیں

متحدہ عرب امارات کی مسافروں کو ہدایت

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی فیڈرل کسٹم اتھارٹی کی جانب سے مسافروں کو خبردار کیا گیا ہے کہ وہ کسی بھی صورت اجنبی مسافر کا سامان نہ لیں جب تک آپ کو معلوم نہ ہوجائے کہ سامان کس نوعیت کا ہے۔ اتھارٹی کی جانب سے کہا گیا کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے والے قانونی پیچیدگیوں کا شکار ہو سکتے ہیں، دنیا بھر کے دیگر ائیر پورٹس کی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

اسرائیلی وزیر اعظم کے دیئے گئے فوائد کرنسی تھے، پراسیکیوٹر

بینجمن نیتن یاہو کو عدالت میں ابتدائی دلائل کے لیے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دیا گیا تھا، رپورٹ

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) اسرائیلی پراسیکیوٹرز نے وزیر اعظم بینجمن نیتن یاہو پر کرنسی کی صورت میں فوائد دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی وزیر اعظم اپنے خلاف کرپشن کے مقدمے کا ایسے وقت میں سامنا کررہے ہیں کہ جب صدر نے حکومت تشکیل دینے کے لیے بات چیت کا آغاز کردیا ہے۔ بینجمن نیتن

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چین کسی بھی ملک کو دیگر ممالک سے بالاتر نہیں سمجھتا، وزیر خارجہ وانگ ای

وان ای نے سنگاپور، ملائشیا، انڈونیشیا، فلپائن اور جنوبی کوریا کے وزرائے خارجہ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں

بیجنگ (این این آئی) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا ہے کہ ان کا ملک کسی بھی ایک ملک کو دیگر تمام ممالک سے بالاتر تصور نہیں کرتا اور نہ ہی ایک ملک

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بنگلہ دیش: فیری اور کارگو جہاز میں تصادم، 26 افراد ہلاک

پاکستان کا واقعے میں 'قیمتی جانوں کے ضیاع' پر افسوس کا اظہار

ڈھاکہ، اسلام آباد (آن لائن) بنگلہ دیش میں مسافر بردار فیری اور کارگو جہاز کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 26 افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق واقعہ دارالحکومت ڈھاکہ کے جنوب میں دریائے شیتا لکھیا میں پیش آیا۔ حکام کے مطابق فیری میں 50 افراد سوار تھے اور حادثے کے بعد متعدد لاپتا ہیں۔ اس حوالے سے

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

یورپی یونین کی ترکی کے ساتھ کشیدگی کم کرنے کی کوشش

یورپی یونین کے دو اعلیٰ ترین اہلکار آج انقرہ میں صدر رجب طیب اردوآن سے ملاقات کرینگے

انقرہ (آن لائن) ترکی کے ساتھ کشیدگی کم کرنے کے لیے یورپی یونین کے دو اعلیٰ ترین اہلکار آج منگل کو انقرہ میں صدر رجب طیب اردوآن سے ملاقات کرینگے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی یونین کونسل کے صدر شارل مشیل اور یورپی کمیشن کی صدر ارژلا فان ڈیر لائن کے اس دورے میں ترکی کو تعاون کے عوض معاشی اور سفارتی فائدوں کی

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سرینگر میں آگ لگنے سے ماں اور بیٹا جاں بحق ہوگئے

فوری طور پر سرینگر کے ایس ایم ایچ ایس ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے سرمائی دارالحکومت سرینگر میں ایک گھر میں آگ لگنے سے ایک چالیس سالہ خاتون اور اس کا بیٹا جان بحق ہو گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سرینگر کے علاقے ہفت چنار میں اتوار اور پیر کی درمیانی شب آگ لگنے سے چھ مکان جل کر خاکستر ہوگئے۔ آتشزدگی کے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

عبدالصمد انقلابی کی طرف سے سرنکوٹ کی مسجد کی بے حرمتی کی شدید مذمت

بھارتی قابض انتظامیہ نے حریت رہنماؤں اور کارکنوں کو گن پوائنٹ پر یرغمال بنا رکھا ہے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں اسلامی تنظیم آزادی جموں و کشمیر کے چیئرمین عبدالصمد انقلابی نے سرنکوٹ میں قابض انتظامیہ کی ایک خاتون افسر کی طرف سے مسجد کی بے حرمتی اور سکول کے ایک معلم کو داڑھی رکھنے پر عسکریت پسند قرار دینے کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق عبدالصمد انقلابی

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ذوالفقار علی بھٹو کا یوم شہادت پاکستان، جموں وکشمیر سمیت دنیا بھر انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا

مظفر آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین سابق وزیر اعظم پاکستان قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کا 42 واں یوم شہادت پاکستان کی طرح ریاست جموں وکشمیر سمیت دنیا بھر انتہائی عقیدت واحترام سے منایا گیا اور انکے تاریخ

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

آزاد کشمیر انتظامیہ نے باشندہ ریاست قانون 1927 کی دھجیاں اڑادیں

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر انتظامیہ نے باشندہ ریاست قانون 1927 کی دھجیاں اڑادیں باشندہ ریاست قانون کی سنگین خلاف ورزی کرتے ہوئے افغان شہریوں کو مستقل سکونت دے دی گئی راولاکوٹ میں مقیم افغان شہری حاجی معصوم خان ولد

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

مقبوضہ کشمیر، بھارت کی طرف سے کشمیریوں کے قتل عام اور املاک کی تباہی کی مذمت

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں حریت رہنماؤں اور تنظیموں نے کہا ہے کہ بھارتی فوجی مقبوضہ علاقے میں تلاشی اور محاصرے کی نام نہاد کارروائیوں کے نام پر کشمیریوں کے قتل عام اور املاک کی تباہی کا کھیل جاری رکھے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیر اعظم عمران خان کشمیریوں کے حقیقی سفیر ہیں، سردار تارک علی

مظفر آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی صدر سابق صدارتی مشیر سردار تارک علی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت، ایک دوست کی غلطی نے 4 دوستوں کی جان لے لی

ہلاک ہونے والے چاروں دوستوں کی عمریں 18 سے 22 سال کے درمیان ہیں، رپورٹ

